4 معاشرتی تفاعل

SOCIAL INTERACTION

اس باب میں آپ جانیں گے:

- معاشرتی تفاعل کا تعارف و تعریف
- جسمانی و علامتی معاشرتی تفاعل
- معاشرتی عمل کی تعریف و لوازمات
- معاشرتی تفاعل و معاشرتی عمل میں فرق
- معاشرتی تفاعل کی حالتیں

www.downloadclassnotes.com

دو یا دو سے زیادہ افراد جب ایک دوسرے سے بات چیت کرتے ہیں۔ جب دو افراد ایک دوسرے کو واٹس ایپ یا موبائل سے پیغام بھیجتے ہیں۔ والی بال کھیلنے والی دو ٹیمیں ایک دوسرے کی طرف بال پھینکتی ہیں۔ ایک ملک کی فوج دشمن کی فوج پر گولہ باری کرتی ہے تو دشمن بھی جوابی حملہ کے طور پر گولہ باری کرتا ہے۔ اس کو عمرانیات کی زبان میں معاشرتی تفاعل کہتے ہیں۔

تعریف: (Definition)

میرل (Merill) نے سماجی تفاعل کی تعریف اس طرح کی ہے:

"سماجی تفاعل ایک مسلسل اور دو طرفہ تعلق کا نام ہے جو دو یا دو سے زیادہ سماجی تربیت یافتہ (Socialized) افراد (Persons) کے درمیان قائم ہو"۔

"Social interaction is a name of reciprocal and continuous process which occurs between two or more than two socialized individuals".

سوروکن (Sorokin) نے سماجی تفاعل کو اس طرح بیان کیا ہے:

"سماجی تفاعل سے مراد ایک ایسا عمل یا واقعہ ہے جس میں فریقین ایک دوسرے کے بیرونی انعال یا دماغی حالت کو متاثر کریں"۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> لفظ "سماجی" کو معاشرتی بھی کہتے ہیں سماجی ہندی زبان کا جبکہ معاشرتی اردو زبان کا لفظ ہے۔

ساروکا (Soroka) کے مطابق:

"ایسا فعل یا واقعہ جو باہمی تعلق میں مصروف دو یا دو سے زیادہ افراد کو متاثر کرتا ہے سماجی تفاعل کہلاتا ہے۔"

ان تعریفوں سے ظاہر ہے کہ سماجی تفاعل کم از کم دو افراد کے درمیان ایک ایسا رابطہ ہے جس سے وہ ایک دوسرے کو متاثر کرتے ہیں۔ پس سماجی تفاعل ایک دو طرفہ عمل یا باہمی تعلق کا نام ہے جو افراد کے درمیان قائم ہوتا ہے۔

مثالیں:

☆ استاد کا شاگردوں کو پڑھانا۔
☆ ڈاکٹر کا مریض کا معائنہ کرنا۔
☆ دکاندار اور گاہک کے درمیان چیزوں کی خرید و فروخت۔

دو دوستوں کے درمیان سوشل میڈیا (فیس بک، واٹس ایپ، ٹویٹر وغیرہ) کے ذریعے معاشرتی تفاعل

ماں بیٹے کے درمیان ٹیلی فون پر بات چیت

معاشرتی تفاعل کے عناصر / لوازمات
(Elements/ Essentials of Social Interaction)

ان تعریفوں کی رو سے سماجی تفاعل کے مندرجہ ذیل تین عناصر ہیں۔

۱۔ فریقین کا موجود ہونا۔
۲۔ ان میں کسی واقعہ یا عمل کا قائم ہونا۔
۳۔ واقعہ یا عمل سے فریقین کی اندرونی یا بیرونی کیفیت کا متاثر ہونا۔

معاشرتی تفاعل کی اقسام
(Types of Social Interaction)

کیا آپ جانتے ہیں؟
خود کی تصویر کھینچنا (سیلفی) جہاں ایک فیشن رواج ہے وہاں اس کی کثرت ایک نفسیاتی بیماری بھی ہے

معاشرتی تفاعل کی دو اقسام ہیں:
(i) علامتی تفاعل (ii) جسمانی تفاعل۔

(i) علامتی تفاعل (Symbolic Interaction):

تعریف: (Definition)

آپس میں اشاروں، علامات اور بات چیت کے ذریعے تفاعل کو علامتی تفاعل (Symbolic Interaction) کہتے ہیں۔

مثالیں:

جب ایک فرد کسی دوسرے فرد کو السلام علیکم کہتا ہے اور دوسرا اس کے جواب میں وعلیکم السلام کہتا ہے تو ہم کہیں گے کہ دونوں کے درمیان سماجی تفاعل ہوا ہے اس طرح جب ایک شخص نے دوسرے شخص کو خط لکھا اور اس نے اس کا جواب دیا تو دونوں کے درمیان سماجی تفاعل ہو گیا۔ ٹیلیفون پر بات چیت' انٹرنیٹ پر گپ شپ (Chatting)، فیس بک (Facebook) اور واٹس ایپ (WhatsApp) پر رابطہ، موبائل فون پر گفتگو وغیرہ جیسی صورتیں بھی علامتی معاشرتی تفاعل کی ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

سوشل میڈیا سے مراد وہ ذرائع ابلاغ ہیں جو لوگوں کو اظہار رائے، تبادلہ خیال، تصویر اور ویڈیوز شیئر کرنے کی اجازت دیتے ہیں نتیجتاً افراد کی گروہوں میں تشکیل ہوتی ہے

علامتی تفاعل کے اظہار کے

انداز ملاحظہ کیجئے۔



(ii) جسمانی تفاعل (Physical Interaction):

تعریف: (Definition)

جسمانی حرکات سے فریقین کا ایک دوسرے کو جسمانی طور پر متاثر کرنا جسمانی تفاعل کہلاتا ہے۔

مثالیں:

ایک فرد دوسرے کو مُکا مارتا ہے۔ چھیڑتا ہے، گدگدی کرتا ہے یا اس پر چوٹ کا کوئی وار کرتا ہے یا دو پہلوانوں کے درمیان کشتی ہوتی ہے یا باکسنگ کا مظاہرہ ہوتا ہے یا دو ٹیمیں کبڈی کھیلتی ہیں، فٹ بال، ہاکی یا کرکٹ کھیلتی ہیں یا دو ملکوں کی فوجیں آپس میں لڑتی ہیں ان سب حالتوں میں تفاعل پایا جاتا ہے۔ اس صورت میں جو تفاعل ہوتا ہے اسے ہم جسمانی تفاعل (Physical Interaction) کہتے ہیں۔

www.downloadclassnotes.com

معاشرتی تفاعل کی حالتیں
(Forms of Social Interaction)

معاشرتی تفاعل کی حالتیں درج ذیل ہیں:

(i) فرد کا فرد کے ساتھ: ایک فرد کا دوسرے کے ساتھ بات چیت کرنا ہے جیسے دو دوست ' بہن بھائی ' دو کلاس فیلوز میں بات چیت وغیرہ۔ جیسا کہ نیچے تصویر میں دکھایا گیا ہے۔



(ii) فرد کا گروہ کے ساتھ: ایک فرد دو یا زیادہ افراد پر مشتمل گروہ سے بات چیت کرتا ہے جیسے استاد کا کلاس پڑھانا' مقرر کا سامعین سے گفتگو کرنا وغیرہ۔ جیسا کہ نیچے تصویر میں ایک کلاس کی خاکہ کشی کی گئی ہے جس میں استاد طلباء کو پڑھا رہا ہے۔



(iii) گروہ کا گروہ سے: ایک گروہ دوسرے گروہ سے تفاعل کرتا ہے جیسے دو ٹیموں کے درمیان میچ' دو گروہوں میں بحث مباحثہ وغیرہ۔ جیسا کہ نیچے تصویر میں دکھایا گیا ہے کہ دو گروہ آپس میں بحث کر رہے ہیں۔

ان تینوں حالتوں کے نتیجہ میں دراصل فرد اور معاشرہ کے درمیان تفاعل قائم ہوتا ہے۔

معاشرتی تفاعل کے مراحل
(Processes of Social Interaction)

ھارٹن اینڈھنٹ (Horton & Hunt) کے مطابق:

"معاشرتی عوامل کردار کی بار بار دہرائی جانے والی شکل کا نام ہے جو کہ معاشرتی زندگی میں عام اور رائج ہو۔"

معاشرتی تفاعل کے مراحل کی اقسام:

معاشرتی تفاعل کو دو قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ ایک وہ جو باہمی تعاون کی بنیاد پر قائم ہیں اور دوسرے وہ جو ایک دوسرے سے اختلاف کی بنیاد پر قائم ہیں۔ پہلی قسم کو تعاونی اور دوسری کو تصادمی کہتے ہیں۔ تعاونی میں تعاون، مصالحت، مماثلت اور ثقافت پذیری شامل ہیں۔ تصادمی حالت میں مسابقت اور تصادم شامل ہیں۔

معاشرتی عمل
(Social Action)

معاشرتی تفاعل(Social Interaction)کو ہم تفصیل کے ساتھ بیان کر چکے ہیں۔ معاشرتی عمل کا مطالعہ عمرانیات میں اتنا اہم ہے کہ جرمن ماہر عمرانیات میکس ویبر(Max Weber) نے معاشرتی عمل کے مطالعہ کا نام عمرانیات رکھا ہے۔ یعنی عمرانیات ایک ایسا علم ہے جو معاشرتی عمل کا مطالعہ کرتا ہے۔ یہاں اس نے معاشرتی عمل کے مطالعہ کو عمرانیات کی بنیاد قرار دیا ہے۔ ظاہر ہے کہ معاشرتی عمل کو اس نے معاشرے کی روح قرار دیا ہے۔ اسلئے ہم معاشرتی عمل کے ابتدائی مراحل کا مطالعہ پیش کرتے ہیں۔

تعریف:

"ایک یا ایک سے زیادہ افراد جب کسی نظام میں شرکت کریں تو معاشرتی عمل وجود میں آتا ہے۔ یعنی ایک یا چند افراد جب کسی ایسے فعل کو سرانجام دیں جس کا تعلق معاشرے کے افراد سے ہو تو یہ فعل معاشرتی عمل ہوگا۔"

شیلڈن (Sheldon) کے مطابق:

"عمل ایک ایسا مداخلتی پہلو ہے جو کسی نہ کسی لحاظ سے باہمی تعلقات کے اصولوں کی بناء پر اس نظام کے باہر والی چیزوں سے تعلق رکھتا ہے"۔

"Action is an intervening factor which is based on principles of interpersonal relation associated with external environment".

میکس ویبر کے نزدیک ہر وہ عمل معاشرتی عمل ہے جس میں عمل سر انجام دینے والا (فاعل) اس عمل کو کوئی خاص معنی عطا کرتا ہے۔

جیسے میکس ویبر کے بقول کہ ایک ڈرائیور جب گاڑی چلاتا ہے تو اس کا یہ فعل معاشرتی عمل ہے کیونکہ اس عمل کے ذریعے وہ دوسرے افراد کو متاثر کرتا ہے۔ اس کے برعکس سونا یا نیند کرنا معاشرتی عمل نہیں کیونکہ اس سے وہ خود تو متاثر ہوتا ہے۔ دوسرے اس کے اس فعل سے متاثر نہیں ہوتے۔

معاشرے میں بہت سے کام معاشرتی عمل کی وجہ سے مکمل ہوتے ہیں کیونکہ بعض اوقات ایک فرد کو کام میں دوسرے لوگوں کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے۔ ایسی صورت میں جو فعل سر انجام پائے گا سماجی عمل کہلائے گا۔

مثالیں:

ہمارے معاشرے سے معاشرتی عمل کی چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

۱۔ آپس میں باہمی رابطہ قائم کرتے وقت السلام علیکم کہنا معاشرتی عمل ہے۔ جب کہ دوسری جانب سے وعلیکم السلام کے جواب کی توقع ہے۔

۲۔ چند افراد مل کر ایک بھاری چیز کو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔

۳۔ استاد کا اپنے طلبہ کو لیکچر دینا معاشرتی عمل ہے۔

۴۔ قومی انتخابات میں ووٹ ڈالنا معاشرتی عمل ہے۔

۵۔ مقرر کا تقریر کرنا بھی معاشرتی عمل ہے۔

۶۔ ڈاکٹر کے لئے مریض کا علاج کرنا یا آپریشن کرنا معاشرتی عمل ہے۔

۷۔ سب لوگوں کا عمل جیسے سیلاب کو روکنے کے لئے بند باندھنا معاشرتی عمل ہے۔

۸۔ رکی ہوئی بس کو بہت سے مسافر دھکا لگا کر اسٹارٹ کریں یہ بھی معاشرتی عمل ہے۔

معاشرتی عمل کے عناصر
(Elements of Social Action)

معاشرتی عمل کے لئے مندرجہ ذیل عناصر کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔

۱۔ **فاعل:** کسی عامل کا ہونا ضروری ہے جو معاشرتی عمل کو سر انجام دیتا ہے۔ یہ فاعل ایک فرد بھی

ہو سکتا ہے اور ایک سے زیادہ افراد بھی۔ یعنی کہ سادہ الفاظ میں کہا جا سکتا ہے کہ اس کے لئے ایک یا ایک سے زیادہ افراد کا ہونا ضروری ہے جو کوئی بھی کام سرانجام دے گا۔

۲۔ **مقصد:** معاشرتی عمل کے لئے کسی مقصد کا ہونا ضروری ہے جس کے لئے وہ عمل وجود میں آتا ہے۔ بغیر مقصد کے کوئی عمل عمل ہی نہیں۔ اس کے لیے بنیادی مقصد کا ہونا بہت ضروری ہے۔

۳۔ **معمولات:** کسی عمل کے لئے معمولات کا ضابطہ ضروری ہے جس کے مطابق وہ عمل انجام پاتا ہے۔ یعنی کہ عمل کسی ضابطہ کے تحت سرانجام پائے۔

۴۔ **معاشرتی حالت:** معاشرتی عمل کسی سماجی حالت کی موجودگی میں عمل پذیر ہوتا ہے جب کوئی حالت پیدا ہوتی ہے تو معاشرتی (Social) عمل کی ضرورت پڑتی ہے۔ جیسے اچانک سانپ نکل آیا تو گھر کے افراد میں بے چینی پیدا ہوئی اور خطرے کی حالت پیدا ہوئی اس حالت سے نمٹنے کے لئے معاشرتی عمل ضروری ہے جس میں سانپ کا مارنا شامل ہے۔

۵۔ **طاقت کا استعمال:** معاشرتی عمل کے لئے طاقت کی ضرورت پڑتی ہے۔ یعنی طاقت کے بغیر کوئی معاشرتی عمل پیدا نہیں ہوتا۔

معاشرتی تفاعل اور معاشرتی عمل میں فرق

معاشرتی تفاعل اور معاشرتی عمل بظاہر تو ایک ہی عمل کے دو نام ہیں لیکن جب ان کی حقیقت معلوم ہوتی ہے تو دونوں مختلف نظر آتے ہیں۔ ان دونوں میں چند اہم اختلافات حسب ذیل ہیں۔

معاشرتی تفاعل	معاشرتی عمل
1- معاشرتی تفاعل کے لئے دو یا دو سے زیادہ افراد درکار ہوتے ہیں۔	جب کہ معاشرتی عمل ایک فرد بھی انجام دے سکتا ہے۔
2- معاشرتی تفاعل افراد کے باہمی عمل کا نام ہے۔ تفاعل افراد کے مابین عمل اور اس کے رد عمل سے پیدا ہوتا ہے	جبکہ معاشرتی عمل یک طرفہ عمل بھی ہے اس میں رد عمل ضروری نہیں ہے۔
3- معاشرتی تفاعل سے سماجی حالت پیدا ہوتی ہے۔	جبکہ معاشرتی عمل کی کسی سماجی حالت کی موجودگی میں واقع ہوتا ہے۔ کوئی حالت سامنے آتی ہے تو اس میں عمل واقع ہوتا ہے۔
4- معاشرتی تفاعل سے معاشرتی گروہ وجود	جبکہ معاشرتی عمل سے معاشرتی زندگی کے

میں آتے ہیں۔	مقصد حاصل ہوتے ہیں۔
5- معاشرتی تفاعل معاشرتی زندگی کی بنیاد ہے۔	جبکہ معاشرتی عمل معاشرتی زندگی کا ایک واقعہ ہے۔
6- معاشرتی تفاعل بعض اوقات منطقی نہیں ہوتا۔	جبکہ معاشرتی عمل منطقی ہوتا ہے یعنی اس میں مقصد ابتدا، عمل اور انجام موجود ہوتا ہے۔
7- معاشرتی تفاعل کا بامعنی ہونا ضروری نہیں۔	جبکہ معاشرتی عمل، عامل کے لئے بامعنی ہوتا ہے۔ یعنی اس کا ایک مقصد ہوتا ہے
8- معاشرتی تفاعل موثر اس وقت ہوگا جب طرفین کے مابین تفاعل میں شدت موجود ہو مدت تفاعل زیادہ ہو، تفاعل بار بار ہوتا ہو اور تفاعل کے موضوع پر اتفاق ہو۔	جبکہ معاشرتی عمل موثر اس وقت ہوتا ہے جب اس کے ذرائع اور مقاصد میں جذبات شامل ہوں جیسے محبت و دشمنی سے متاثر ہو کر فعل سر انجام پائے۔
9- معاشرتی تفاعل معاشرتی زندگی کا دروازہ ہے۔ یعنی معاشرتی زندگی کی ابتداء یہی ہے	جبکہ معاشرتی عمل ایک کارکردگی ہے جو کسی سماجی حالت کی موجودگی میں انجام پاتی ہے۔

اہم سوالات

ا۔ معاشرتی تفاعل سے کیا مراد ہے؟ اس کی قسمیں بیان کریں؟

☜ ۲۔ معاشرتی عمل سے کیا مراد ہے؟ یہ کس طرح معاشرتی تفاعل سے مختلف ہے؟ مثالیں دیجئے۔

☜ ۳۔ معاشرتی تفاعل اور معاشرتی عمل میں فرق بتایئے۔

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

مختصر سوالات وجوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

-1 معاشرتی تفاعل کی تعریف بیان کریں؟ یا معاشرتی تفاعل سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ معاشرتی تفاعل سے مراد ایک ایسا عمل یا واقعہ ہے جس میں فریقین ایک دوسرے کے بیرونی افعال یا دماغی حالت کو متاثر کرے۔ (سوروکن)

-2 معاشرتی تفاعل کے بنیادی عناصر/لوازمات کون سے ہیں؟

جواب۔ معاشرتی تفاعل کے تین بنیادی عناصر درج ذیل ہیں۔

-1 دو یا دو سے زیادہ افراد یا فریقین کا موجود ہونا۔

-2 ان میں کسی واقعہ یا عمل کا ہونا۔

-3 واقعہ یا عمل سے اندرونی یا بیرونی کیفیت کا متاثر ہونا۔

-3 معاشرتی تفاعل کی اقسام کو مختصراً بیان کریں؟

جواب۔ معاشرتی تفاعل کی دو اقسام ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

(i) جسمانی تفاعل (ii) علامتی تفاعل

-4 جسمانی تفاعل سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب: اس قسم میں افراد تفاعل کے لیے علامات یا زبان کا استعمال نہیں کرتے بلکہ اپنے جسمانی اعضاء حرکات و سکنات سے ایک دوسرے کی جسمانی یا دماغی حالت کو متاثر کرتے ہیں جیسے افراد کے مابین کشتی، باکسنگ، فٹ بال و ہاکی میچ وغیرہ وغیرہ۔

-5 علامتی تفاعل سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

افراد کا گفتگو یا اشاروں سے ایک دوسرے سے ہم کلام ہونا علامتی تفاعل کہلاتا ہے جیسے ٹیلی فون و موبائل پر بات چیت، انٹرنیٹ پر گفتگو، ایک فرد کا دوسرے کو السلام وعلیکم اور دوسرے کا وعلیکم السلام کہنا، ہاتھ کے اشارے سے کسی کو سلام کرنا، خدا حافظ کرنا وغیرہ۔

-6 معاشرتی تفاعل کی دو حالتیں بیان کریں؟

جواب: معاشرتی تفاعل کی حالتیں یہ ہیں۔

(i) فرد کا فرد سے معاشرتی تفاعل

(ii) دو گروہوں کا آپس میں معاشرتی تفاعل

-7 ایک موثر تفاعل کی دو خصوصیات بیان کریں؟

جواب۔ ☆ تفاعل زیادہ دیر تک رہتا ہو۔ ☆ شدت و محبت کے جذبات موجود ہوں۔

-8 موثر تفاعل عام طور پر کن گروہوں کے درمیان وقوع پذیر ہوتا ہے؟

جواب۔ موثر تفاعل عام طور پر ان گروہوں میں ہوتا ہے:

☆ والدین کے ساتھ ☆ بہن بھائیوں کے ساتھ

☆ رشتہ داروں کے ساتھ ☆ دوست یا کلاس فیلو کے ساتھ

-9 معاشرتی عوامل سے کیا مراد ہے؟ مختصراً بیان کریں؟

جواب: "معاشرتی عوامل کردار کی بار بار دہرائی جانے والی شکل کا نام ہے جو کہ معاشرتی زندگی میں عام اور رائج ہو۔"

-10 معاشرتی عمل کی تعریف بیان کریں؟

جواب۔ ایک یا چند افراد جب کسی ایسے فعل کو سرانجام دیں جس کا تعلق معاشرے کے افراد سے ہو، معاشرتی عمل کہلاتا ہے۔

-11 معاشرتی عمل کی دو مثالیں بیان کریں؟

جواب۔ معاشرتی عمل کی مثالیں درج ذیل ہیں:

☆ استاد کا اپنے طلباء کو لیکچر دینا۔ ☆ قومی انتخابات میں ووٹ ڈالنا۔

-12 معاشرتی عمل کے عناصر بتائیں؟

جواب۔ معاشرتی عمل کے عناصر درج ذیل ہیں:

☆ فاعل کا موجود ہونا۔ ☆ مقصد کا حاصل کرنا۔

☆ معمولات کے مطابق فعل سرانجام دینا۔ ☆ سماجی حالت کا ہونا۔

☆ قوت کا اسراف ہونا۔

-13 فاعل کیسے معاشرتی عمل کے عناصر میں شامل ہے؟

جواب۔ کسی بھی کام کیلئے ایک عامل کا ہونا ضروری ہے جو سماجی عمل کو سرانجام دیتا ہے۔ یہ فاعل ایک فرد بھی ہو سکتا ہے اور ایک سے زیادہ افراد بھی اسلئے فاعل سماجی عمل کے عناصر میں سے ایک اہم عنصر ہے۔

-14 معاشرتی تفاعل اور معاشرتی عمل میں کوئی سے دو اہم فرق بیان کریں؟

جواب۔ (i) معاشرتی تفاعل کے لیے دو یا دو سے زیادہ افراد درکار ہوتے ہیں جب کہ معاشرتی عمل ایک فرد بھی انجام دے سکتا ہے۔

(ii) تفاعل ردعمل سے اور معاشرتی عمل یک طرفہ عمل سے پیدا ہوتا ہے۔

15- اشارہ یا اعضائی حرکت کس کو کہتے ہیں؟

جواب۔ بات کرنے یا مطلب سمجھانے کا ایسا انداز جس میں افراد جسمانی اعضاء کی حرکات و سکنات کا سہارا لیتے ہیں' اشارہ یا اعضائی حرکت کہلاتا ہے جیسے خدا حافظ کہنے کے لئے دور سے ہاتھ ہلانا وغیرہ۔

16- سوشل میڈیا کی تعریف کریں۔

جواب۔ سوشل میڈیا سے مراد وہ ذرائع ابلاغ ہیں جو لوگوں کو اظہار رائے، تبادلہ خیال، تصویر اور ویڈیوز شیئر کرنے کی اجازت دیتے ہیں نتیجتاً افراد کی گروہوں میں تشکیل ہوتی ہے۔

17- سوشل میڈیا کے دو ذرائع لکھیں۔

جواب۔ ☆فیس بک ☆واٹس ایپ

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

☐ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

1- معاشرتی تفاعل کیا ہے؟
(a) ایک عمل (b) ایک کھیل (c) ایک کام (d) ان میں سے کوئی نہیں

2- معاشرتی تفاعل میں کم از کم کتنے افراد کا ہونا ضروری ہے؟
(a) دو (b) تین (c) پانچ (d) دس

3- استاد کا طالب علموں کو لیکچر دینا تفاعل کی کون سی حالت ہے؟
(a) فرد کا فرد سے (b) فرد کا گروہ سے
(c) گروہ کا معاشرہ سے (d) فرد کا معاشرہ سے

4- گاہک اور دوکاندار کے درمیان بات چیت تفاعل کی کون سی قسم ہے؟
(a) جسمانی تفاعل (b) علامتی تفاعل (c) ان میں سے کوئی نہیں

5- رکی ہوئی بس کو دھکا لگانا فعل ہے؟
(a) معاشرتی درجہ بندی (b) معاشرتی عمل (c) معاشرتی گروہ (d) کوئی نہیں

6- دو ٹیموں کا آپس میں میچ ہونا معاشرتی تفاعل کی کون سی حالت ہے؟
(a) فرد کا افراد سے (b) گروہ کا گروہ سے (c) فرد کا فرد سے (d) معاشرتی ساخت

7- باکسنگ اور کشتی ہیں؟
(a) درجہ بندی (b) جسمانی تفاعل (c) علامتی تفاعل (d) کوئی نہیں ہے

8- ٹیلی فون پر بات چیت کرنا ہے؟

www.downloadclassnotes.com

(a) فطری عمل (b) معاشرتی تفاعل (c) ثقافتی خلاء (d) عمرانی خاصیت

-9 انٹرنیٹ پر گفتگو ہے؟

(a) معاشرتی درجہ بندی (b) علامتی تفاعل (c) جسمانی تفاعل (d) کوئی نہیں

-10 کس نے معاشرتی عمل کے مطالعہ کو عمرانیات کا نام دیا ہے؟

(a) ڈرخائم (b) پارسن (c) میکس ویبر (d) شیلڈن

-11 معاشرتی تفاعل کی مثال ہے؟

(a) ورزش کرنا (b) سائیکل چلانا (c) ٹیلی فون پر بات کرنا (d) سونا

-12 ایسا فعل یا واقعہ جو دو یا دو سے زیادہ شامل افراد کو متاثر کرتا ہے؟

(a) لاتعلقی (b) معاشرتی عمل (c) معاشرتی تفاعل (d) معاشرتی انتشار

-13 معاشرتی تفاعل ہمیشہ ہوتا ہے؟

(a) دوطرفہ (b) یک طرفہ (c) جسمانی (d) جارحانہ

-14 موبائل فون پر دو افراد میں گفتگو تفاعل کی حالت ہے؟

(a) فرد اور فرد کے مابین (b) گروہ اور فرد کے مابین

(c) گروہ اور گروہ کے مابین (d) معاشرہ اور گروہ کے مابین

-15 افراد میں ذہنی یا جسمانی تبدیلی ضروری ہے؟

(a) معاشرتی تفاعل میں (b) معاشرتی عمل میں (c) معاشرتی گروہ میں (d) ثقافت میں

-16 دو ٹیموں کے درمیان میچ تفاعل کی حالت ہے؟

(a) فرد اور فرد کے مابین (b) گروہ اور فرد کے مابین

(c) گروہ اور گروہ کے مابین (d) معاشرہ اور گروہ کے مابین

-17 صلح ایک قسم ہے؟

(a) تعاون کی (b) تصادم کی (c) مصالحت کی (d) انجذاب کی

-18 معاشرتی زندگی کی بنیاد ہے؟

(a) معاشرتی عمل (b) معاشرتی تفاعل (c) منصب (d) مستحبات

-19 معاشرہ کی بقاء کے لئے ناگزیر ہے؟

(a) معاشرتی آراء (b) معاشرتی تفاعل (c) عمرانیات (d) سیاسیات

-20 انسان کی معاشرتی زندگی کا دروازہ ہے؟

(a) منصب (b) جرم (c) معاشرتی تفاعل (d) عصبیت

-21 آپس میں بات چیت تفاعل کی کونسی قسم ہے؟

(a) جسمانی (b) علامتی (c) غیر شخصی (d) نظریاتی

-22 ایسا کوئی بھی کام جس کا اثر دوسروں پر ہو، کہلاتا ہے؟
(a) معاشرتی تفریق (b) معاشرتی گروہ (c) معاشرتی عمل (d) a اور b
-23 معاشرتی عمل کو انجام دینے کے لئے کم از کم افراد؟
(a) چار (b) تین (c) ایک فرد (d) چھ
-24 معاشرتی عمل کو انجام دینے کے لئے ضروری ہے؟
(a) عامل (b) منصب (c) ثقافت (d) ذات
-25 معاشرتی گروہ کی تشکیل کے لئے ضروری ہے؟
(a) ثقافت (b) مسابقت (c) معاشرتی تفاعل (d) ذات
-26 کس ماہر عمرانیات نے معاشرتی تفاعل کو ایک ایسا عمل کہا جس میں فریقین ایک دوسرے کے بیرونی افعال یا دماغی حالت کو متاثر کرتے ہیں؟
(a) میرل (b) ڈرخائم (c) پارسن (d) سوروکن
-27 مکا مارنا اور گدگدی کرنا تفاعل ہے؟
(a) انفرادی (b) وضاحتی (c) جسمانی (d) علامتی
-28 معاشرتی عمل کی مثال؟
(a) گاڑی چلانا (b) سونا (c) کنگھی کرنا (d) a اور c
-29 منطقی معاشرتی عمل کو۔۔۔۔ نے اہمیت دی؟
(a) ڈرخائم (b) مارکس (c) غزالی (d) ویبر
-30 معاشرتی عمل کی بنیادی شرط؟
(a) تعلیم (b) منطقی شعور (c) ذات (d) گروہ
-31 تفاعل میں افراد ایک دوسرے کو اندرونی یا بیرونی طور پر کرتے ہیں؟
(a) متاثر (b) حیران (c) پریشان (d) لطف اندوز
-32 معاشرتی تفاعل کے عناصر کی تعداد؟
(a) دو (b) تین (c) چھ (d) آٹھ
-33 معاشرتی عمل کے عناصر کی تعداد؟
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ
-34 معاشرتی تفاعل کے مراحل کی اقسام کی تعداد؟
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ
-35 معاشرتی تفاعل کے مراحل ہیں؟
(a) تعاونی (b) تصادمی (c) مرکزی (d) a & b

-36 تصادمی نوعیت کے تفاعل کی قسم ہے؟

(a) تصادم (b) مسابقت (c) مصالحت (d) کوئی نہیں

-37 تعاونی نوعیت کے تفاعل کی قسم ہے؟

(a) مسابقت (b) مصالحت (c) انجذاب (d) کوئی نہیں

جوابات

(b) -6	(b) -5	(b) -4	(b) -3	(a) -2	(a) -1
(c) -12	(c) -11	(c) -10	(b) -9	(b) -8	(b) -7
(b) -18	(c) -17	(c) -16	(a) -15	(a) -14	(a) -13
(a) -24	(c) -23	(c) -22	(b) -21	(c) -20	(b) -19
(b) -30	(d) -29	(a) -28	(c) -27	(d) -26	(c) -25
(a) -36	(d) -35	(a) -34	(d) -33	(b) -32	(a) -31
					(b) -37

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com